https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کمیونٹی آؤٹ ریچ، کھیل کود کی سرگرمیوں اور ماہر خطبہ سیریز کے اہتمام کے ساتھ عالمی فیزیوتھیراپی ڈے دو ہزار چھبیس منایا گیا

New Delhi, September 10, 2026

سینٹر فار فزیوتھیراپی اینڈ ری ہیبلی ٹیشن سائنسز (سی پی آر ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'عالمی یومِ فزیوتھیراپی' دو ہزار چھبیس' کے موقع پر مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا۔ان سرگرمیوں کا مرکزی موضوع ''قلبی امراض اور فالج کی روک تھام، انتظام اور بحالی میں فزیوتھیراپی اور جسمانی سرگرمی کا کردار تھا''۔

ان تقریبات کے سلسلے میں، سی پی آر ایس نے 'ابوالفضل آر ڈبلیو اے کے اشتراک سے پانچ ستمبر دو ہزار چھبیس کو اوکھلا، نئی دہلی کے جامعہ نگر (ڈی-بلاک) میں واقع آر ڈبلیو اے کے دفتر میں کمیونٹی کی سطح پر ایک مفت فزیوتھیراپی کیمپ منعقد کیا۔اس کیمپ کا مقصد کمیونٹی کے اراکین میں دل کی صحت، فالج سے بچاؤ، جسمانی سرگرمی اور صحت و عملی خود مختاری کو برقرار رکھنے میں فزیوتھیراپی کے کردار کے بارے میں بیداری پیدا کرنا تھا۔واضح ہو کہ یہ کیمپ ڈاکٹر معظم حسین خان کی نگرانی میں منعقد کیا گیا تھا۔

تقریبات میں سات ستمبر دو ہزار چھبیس کو کھیلوں کی سرگرمیاں بھی شامل تھیں، جن کا مقصد شرکا میں جسمانی سرگرمی اور دل کی صحت کو فروغ دینا تھا۔جسمانی طور پر فعال رہنے کے لیے شرکا کو تحریک دی گئی جس کے لیے ان سے کہا گیا کہ وہ صحت مندانہ مقابلوں میں حصہ لیں۔اس سلسلے میں بیڈمنٹن، والی بال، ریلے ریس، رسہ کشی، کھو-کھو اور بازو کی کشتی (آرم ریسلنگ) جیسی سرگرمیاں منعقد کی گئیں، جن سے شرکا کو اپنی جسمانی تندرستی و صحت، باہمی ہم آہنگی، قوتِ برداشت اور ٹیم ورک کو بہتر بنانے کے مواقع ملے۔پروفیسر سورج کمار اور ڈاکٹر محمد شاہد رضا نے کھیلوں کا پروگرام کو آرڈی نیٹ کیا تھا۔

پروگرام کا اختتام آٹھ ستمبر دو ہزار چھبیس کو یونیورسٹی پولی ٹیکنک آڈیٹوریم، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں منعقدہ ایک سیمینار کے ساتھ ہوا، جس میں قلبی امراض اور فالج کی روک تھام، انتظام اور بحالی میں فزیوتھیراپی اور جسمانی سرگرمی کے کردار پر توجہ مرکوز کی گئی۔اس لیکچر پروگرام میں طب اور فزیوتھیراپی کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے ممتاز ماہرین نے شرکت کی۔سر گنگا رام اسپتال کے سینئر کنسلٹنٹ فزیشن اور صدرِ ہند کے سابق معالج، ڈاکٹر محسن ولی (پدم شری) نے شرکا سے خطاب کیا۔آئی ایس آئی سی ملٹی اسپیشلٹی

اسپتال کی اسسٹنٹ پروفیسر اور آپریشنز ہیڈ ڈاکٹر رمشہ صدیقی، اور اپولو نالج کی کارڈیو ریسپائریٹری فزیوتھراپسٹ اور اسسٹنٹ ڈین ڈاکٹر برنالی بھٹاچاریہ نے بھی قلبی صحت، جسمانی سرگرمی اور بحالی سے متعلق اپنے گراں قدر خیالات کا اظہار کیا۔ اس پروگرام کا انعقاد ڈاکٹر اقصیٰ مجددی، اسسٹنٹ پروفیسر، سی پی آر ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروگرام انچارج کی رہنمائی میں کیا گیا۔

عالمی یومِ فزیوتھیراپی کی تقریبات کا انعقاد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سی پی آر ایس کے ڈائریکٹر، پروفیسر مجومی ایم نوہو کی رہنمائی میں ہوا۔

ان اقدامات کے ذریعے، سی پی آر ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے قلبی امراض کی روک تھام، فالج کے خطرے کو کم کرنے اور صحت یابی و بحالی میں معاونت کے لیے باقاعدہ جسمانی سرگرمی اور عوامی آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**
افسر اعلیٰ تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ